مصطگی، صندل سرخ، لوبان، چھلکا بادام، گلاب، زعفران، عود، مشک سے کچھ اشیاء حسب گنجائش (یعنی مالی حالت کے مطابق) لے کر دوران عمل بخور جلاتے رہیں اور بعد میں اِن میں کسی بھی شے کا عطر لوح یا نقش جو بھی شہ بنائیں اس کو لگالیں۔ دوران عمل ذاتی استعمال اور کپڑوں وغیرہ کو بھی یہی عطر لگا سکتے ہیں۔

سیاہی

کاغذ پر نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کو پانی یا آب زم زم میں ملا کر زعفرانی سیاہی بنالیں۔ کوشش سے کسی قابل اعتماد فرد سے زعفران لیں، آج کل دو نمبر کا زعفران دکان داروں نے رکھا ہوتا ہے۔ کبھی یہ سستا ہوتا تھا اب مہنگا ہونے کی وجہ سے فساد پیدا ہو گیا ہے۔

ذکر

جو بھی نقش یا لوح تیار کریں اس کے ساتھ تحریر اسماء الحسنٰی کا ذکر گیارہ تسبیحوں کی تعداد میں کم سے کم سات دن تکمیل نقش کے لیے کریں۔ یہ صرف عمل کا ذکر ہے، عمومی ذکر کے لیے یہی ورد چالیس دن تک بھی کیا جاسکتا ہے۔

صدقہ

اس عمل کی تیاری کے بعد صدقہ عمل کے طور پر چاروں مغز، پستہ، بادام، دال مونگ، سبز کپڑا، متفرق قسم کی دالیں یا ملے جلے رنگوں والا کپڑا دیں۔ عمل خود تیار کرنے والے لازم یہ صدقات دیں اور بعد از اجازت عمل تیار کریں۔


نوٹ

کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر ہے۔ آپ کا میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرتا ہے اور بس۔ سو بعد از عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔ آمین۔

مشتری کی اُنگلی

مشتری کی انگلی خارجی دُنیا کی نشاندہی کرتی ہے اور بذاتِ خود یہ کسی فرد کے اس نقطۂ نگاہ یا رویہ کی علامت ہے جس کا تعلق خارجی دنیا سے ہے۔ پروفیسر ریوز کا مشاہدہ ہے کہ اگر مشتری کی انگلی کے ساتھ ہاتھ نوے درجے تک مڑا ہو تو افتادِ طبع میں تغیر نمودار ہو جاتا ہے۔ ایک حالت میں مشتری کی انگلی نظریات کو دوستانہ انداز میں ظاہر کرتی ہے جبکہ یہی انگلی دوسری حالت میں (جبکہ کلائی اوپر کی جانب مڑی ہوئی ہو) دھمکی یا تنبیہ کا اظہار کرے گی۔ یہ دونوں ہی ہمہ گیر اور تباہ کار قوتیں مشتری سے تعلق رکھتی ہیں۔

روایتی پامسٹری میں اس انگلی کی بلند نظری اور حوصلہ مندی کی انگلی بھی کہا جاتا تھا۔ بعدازاں اسے "نپولین کی انگلی" کہا جانے لگا۔ اگرچہ نپولین کے ساتھ وابستگی بدقسمتی ہے (نپولین کی انگشتِ مشتری بے انتہا چھوٹی تھی)۔ اس انگلی سے ماحول کے ساتھ وابستگی کا بھی علم ہوتا ہے۔ لہذا کسی دست شناس کیلیے یہ اُنگلی بہت ہی اہم ہوتی ہے کیونکہ اس سے کسی فرد کا زندگی کے بارے میں نظریہ یا رویہ اسی سے ظاہر ہوتا ہے۔ چونکہ دیگر نظریات اور صورتِ حال اسی سے وابستہ ہوتی ہے لہذا اس انگلی کو کنجی کی حیثیت حاصل ہے۔ (تصویر نمبر-1)۔



سپئیر اسے "انگشتِ دنیا" کہتا تھا۔ اس کے نظریے کے مطابق انگشتِ مشتری کا تعلق آس پاس کی اشیاء سے بہت گہرا ہے۔ لہذا اس کی قدر و قیمت کا اندازہ لگاتے وقت انگوٹھے کو بھی سامنے رکھنا ضروری ہے جس سے کسی فرد کی توانائی کا اظہار ہوتا ہے۔ انگشت مشتری سے دنیاوی خواہشات اور عروج حاصل کرنے کی تمنا کا علم ہوتا ہے جبکہ انگوٹھے سے اس توانائی کی مقدار کا پتہ چلتا ہے جسے وہ ان خواہشوں اور تمناؤں کی تکمیل کے لیے استعمال کرتا ہے۔

طبی تحقیق سے بھی ان دو انگلیوں کے درمیان جسمانی تعلق سامنے آتا ہے۔ تقریباً تمام ہی دست شناس اس تعلق پر مُصر رہے ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر انگوٹھا کمزور لیکن انگشت مشتری پُرقوت ہو تو وہ شخص اپنی خواہشات کے سلسلے میں محرومیوں کا شکار ہو جاتا ہے جبکہ طاقتور انگوٹھا ہر میدان یا شعبے میں ترقی اور تسلط کی علامت ہے۔

مشتری کی اہمیت کا اندازہ لگانے کے لیے انگوٹھا انتہائی اہم حصہ ہے، اس لیے ہمیشہ اس ہاتھ کی قسم کو سامنے رکھیں جس سے اس کا تعلق نظر آتا ہے۔ اس طرح ہمیں توقع رکھنی چاہیے کہ آتشی قسم کے ہاتھ میں مشتری کی انگلی عام حالت سے زیادہ ہو تو اس کی پُرجوش سرگرمی میں انحطاط واقع ہوگا۔ آبی قسم کے افراد کی انگلی مختصر ہوتی ہے۔ مشتری کی انگلی زحل کی جانب جُھکی ہوئی خاکی قسم کے افراد میں دکھائی دیتی ہے۔ صرف بادی قسم کے افراد میں یہ انگلی بغیر کسی نقص کے اور ہر لحاظ سے متوازن (نہ زیادہ لمبی نہ زیادہ چوڑی) دکھائی دیتی ہے۔

مندرجہ بالا باتوں سے یہ ظاہر ہوا کہ یہ انگلی کسی فرد کے جذبے یا جوش کی نشاندہی کے لیے کلید کی حیثیت نہیں رکھتی، بلکہ اس سے کسی فرد کے نفسیاتی نقطۂ نگاہ کا اَنکشاف ہوتا ہے کہ وہ شخص کس قدر زندگی سے وابستہ ہے (نئے حالات میں ڈھلا ہوا شخص)۔

یہ ضروری نہیں کہ ہم ہر اُس شخص کو جو کہ خوش باش، محفوظ یا قانع ہے نئے حالات میں ڈھلا ہوا فرد سمجھ لیں۔ مطابقت پذیری کا اظہار صرف اس بات سے ہوتا ہے کہ بنیادی طور پر کسی شخص کے مزاج کی خواہشات پوری ہو جائیں۔ مزاج کے تقاضوں کی تکمیل ہی درحقیقت مطابقت پذیری ہے۔

کسی فرد کی بنیادی افتاد کی اصطلاح میں انگشتِ مشتری کی بہترین


وضاحت یہ ہے کہ اس شخص نے اپنی زندگی کو کس طرح مرضی کے مطابق اختیار کیا ہے، یا اس کی زندگی کس حد تک حسب منشاء بن گئی ہے۔


مطابقت پذیری (داخلی طور پر ہم آہنگی کے ساتھ خارجی دنیا کے حقائق اور ضروریات کے مطابق عمل کرنے کی صلاحیت) پر مندرجہ بالا بحث میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ سپیئر کا خیال ہے کہ اگر کسی فرد کی انگشتِ زحل اور انگشت مشتری کے درمیان نمایاں فاصلہ ہو تو وہ شخص خارجی دنیا کے مظاہروں سے دلچسپی نہیں رکھتا۔ یہ چیز کمزور مطابقت پذیری کی علامت ہے۔

سپیئر کے نقطہ نگاہ کے مطابق یہ بات انگلی کے سرے کی ساخت سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس کا کلیہ یہ ہے کہ اگر انگلی کا سرا مخروطی ہے تو ایسا شخص مستطیل ساخت کے سروں والے افراد کی نسبت آسانی مطابقت پذیری حاصل کرتا ہے۔ انگلی کی لمبائی سے ذاتی وثوق یا دعوے کے درجے کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگر مشتری کی انگلی طویل ہے اور اس کی پشت پناہی کے لیے طاقتور انگوٹھا بھی موجود ہے تو وہ شخص اپنے مقاصد کے حصول سے دور ہو جاتا ہے۔ البتہ اگر طویل انگلی کی مدد کے لیے طاقتور انگوٹھا نہیں تو عصبی ابتری، بند جگہوں سے گھٹن یا خوف اور ہکلانے وغیرہ قسم کی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا عصبی کمزوری کے معمے کو حل کرنے کے لیے انگشتِ شہادت اور کمزور انگوٹھے کے درمیان اختلاف کو ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔

متوازن قسم کی انگشتِ مشتری سے خود کو بلاوجہ اہمیت نہ دینے والی، پسندیدہ، جاذبِ نظر، پُرکشش اور بہترین سماجی زندگی سے بھرپور شخصیت کا اظہار ہوتا ہے۔

ہموار قسم کی انگشتِ مشتری خارجی دنیا کے لیے وجدانی رسائی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس میں حادثات و واقعات کو عقل و دانش کی بجائے جذباتی نقطہ نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔







گرہ دار انگلی قوت ادراک میں ایک حد تک کمی کی علامت ہے لیکن تجزیاتی یکسوئی کا اضافہ ہو جاتا ہے۔

طویل انگشتِ مشتری (پورے ہاتھ کی مناسبت سے) صبر و تحمل اور مختصر انگلی سے اس خصوصیت میں کمی یا عدم موجودگی کا اظہار ہوتا ہے۔ خاص طور سے مشتری کی خصوصیت، جلد بازی اس میں پیدا ہو جاتی ہے کہ بس فوراً ہی کسی مقصد کو حل کر لیا جائے۔

موٹی انگلی استحکام اور حوصلہ مندی، پتلی انگلی تصوریت (زندگی کے نظریات سے وابستہ) کو ظاہر کرتی ہے۔

ہاتھ کی دیگر انگلیوں سے تعلق رکھتے ہوئے انگشتِ مشتری کی لمبائی گہرے مفہوم کی حامل ہے۔ انگشتِ شہادت جو کہ انگشتِ اپالو سے خاص طور سے چھوٹی ہوتی ہے (تصویر۔نمبر-2) یہ احساس کمتری کی مخصوص علامت ہے چاہے وہ احساسِ کمتری ظاہر ہو یا پھر شخصیت کے نقاب میں پوشیدہ ایک ایسا ہاتھ جس کی انگشتِ شہادت نمایاں طور پر چھوٹی ہو اس فرد کو خارجی دنیا ایسے خوف میں مبتلا کر دیتی ہے اور اس طرح وہ شخص زندگی میں ترقی کرنے کے مواقع کھو بیٹھتا ہے۔ لیکن یہ "ناکام زندگی" کی علامت نہیں ہے۔ کچھ لوگ، خاص طور سے آبی قسم کے افراد زندگی میں ترقی کرنا ہی پسند نہیں کرتے۔

انگشتِ مشتری بُزدل، اپنے آپ میں مگن، حقائق سے فرار ہو کر مشغلوں یا پیشے کے کاموں میں غرق ہونے والے افراد میں مختصر ہوتی ہے۔ یہ لوگ خوابوں کے عالم میں رہنا پسند کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہ دیگر افراد کے قریب نہیں رہ سکتے۔

(تصویر نمبر-3) یہ ایک پُرنقص مشتری کا ہاتھ ہے، جس کی انگشتِ شہادت، انگشتِ اپالو سے 1/3 انچ کے قریب چھوٹی ہے۔ یہ ایک بے انتہا حساس شخص کا ہاتھ ہے جو تعلیم اور پسِ منظر کے تحت ایک سول سروس میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہے۔ اس کی دفتری حیثیت کے تقاضے خاصے مشکل ہیں اور اسے ایک بہت بڑے اسٹاف کو کنٹرول کرنا پڑتا

آپ کی انگشت مشتری کیا کہتی ہے؟

ہے۔اس سے احساسِ ذمہ داری کا ایک خاص درجہ ظاہر ہوتا ہے جس کی بناء پر اس کا بنیادی احساسِ کمتری چھپ گیا ہے،لیکن انجام کار وہ اپنے کام کو سختی سے ناپسند کرنے لگا کیونکہ اس نے محسوس کیا کہ وہ اسے قابو میں رکھنے کا اہل نہیں ہے۔اس طرح وہ اپنی زندگی کو مزید سنگین صورتِ حال سے دوچار کر لیتا ہے کیونکہ وہ جس کام کو کر رہا ہے یہی اس کے لیے ایک محفوظ کام ہے۔اسے چاہیے کہ وہ ریٹائرمنٹ تک اسی کام کو کرنے کی کوشش کرے۔اگر وہ ایسا کرتا ہے تو ریٹائر ہوتے وقت وہ اعصابی بدنظمی کا بھی شکار نہیں ہوگا اور اسے معقول پنشن بھی ملے گی۔

طنز و مزاح ہی ایک وہ عنصر ہے جو دفتر کو اس کے لیے ناقابل برداشت بناتا ہے۔عین اسی وقت احساس کمتری کا جذبہ اسے کام چھوڑنے سے روکتا ہے اور اس میں کسی حد تک تبدیلی رونما ہو جاتی ہے۔

انگشت مشتری اگر زیادہ ہی چھوٹی ہو تو سنگین صورتِ حال کی علامت ہے۔یہ سنگین صورتِ حال ہاتھ کی مختلف اقسام کے ساتھ مختلف ہوگی۔مثال کے طور پر وجدانی قسم کا ہاتھ وغیرہ۔

کلی طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ بہت ہی زیادہ چھوٹی انگشتِ شہادت خود اعتمادی کی زبردست کمی کو ظاہر کرتی ہے۔بعض حالات میں احساسِ کمتری کا یہ شدید احساس اس کی زندگی کو بالکل ہی مفلوج کر دیتا ہے۔


(تصویر نمبر-4)اس تصویر میں مشتری کی انگلی طویل ہے، یہ انگلی انگشتِ اپالو سے نمایاں طور پر طویل ہے۔اس سے پُر جوش طبیعت اور غلبہ پانے کا رجحان ظاہر ہوتا ہے۔یہ پُرجوش افراد میں عام طور پر پائی جاتی ہے، خاص طور سے ایسے افراد جن کی توانائی کا رُخ خارجی دنیا کی طرف زیادہ ہوتا ہے۔

کبھی کبھار انگشتِ مشتری نمایاں طور پر اپنے آپ میں مگن افراد میں بھی پائی جاتی ہے۔لیکن ہمیشہ ہاتھ کی دیگر علامات سے ہی اس فرد کی صلاحیتوں اور اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔بعض اوقات یہ لوگ اپنی حیثیت کو نمایاں کرنے کے لیے یا اپنی اہمیت کو جتانے کے لیے اپنے خیالات کی منصوبہ بندی بھی کرتے ہیں۔لیکن ان میں صلاحیت کی کمی ہوتی ہے اس لیے یہ افراد عصبی بدنظمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

اگر انگشتِ شہادت سیدھی ہے تو قوتِ مشاہدہ میں تفریط اور مڑی ہوئی انگشتِ مشتری سے اس قوت کے ناکافی ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ایک بہترین قسم کا مشاہدہ کرنے والا شخص وہ ہے جو خارجی دنیا کے مظاہر کو بالکل اس چابکدستی سے سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو جیسا کہ وجدانی قسم کے لوگ داخلی دنیا کے معاملات کو سمجھ لیتے ہیں۔

انگشتِ شہادت کا کمان کی کی مانند زحل کی انگلی کی جانب جھکاؤ (تصویر نمبر-5) قوت حاصل کرنے کی خواہش کو ظاہر کرتا ہے، لیکن اس کا انحصار انگلی کے ٹیڑھے پن پر ہے۔

نمایاں طور پر جھکی ہوئی انگلی سے اضافیت کی خطرناک حالت کا پتہ چلتا ہے۔قبضہ کرنے کی یہ شدید حالت اس فرد میں جنونِ سرقہ، چوری اور انفعالی صورتِ حال پیدا کر دیتی ہے۔عام قسم کا جھکاؤ اشیاء کو جمع کرنے کا شوق ظاہر کرتا ہے۔ہاتھ کی دیگر علامتوں (خاص طور سے انگوٹھا) سے اس بات کا قطعی طور پر علم ہوتا ہے کہ وہ خاص طور سے اشیاء جمع کرنے کے شوق کے کس میدان سے دلچسپی رکھتا ہے۔کسی بھی شکل یا درجے میں جھکی ہوئی انگشتِ مشتری خارجی دنیا سے آزاد تعلق کی کمی کو ظاہر کرتی ہے۔



قدیم زمانے کی روایات کے مطابق اس انگلی کا تعلق مشتری سے متعلق امراض، وجع المفاصل، جوڑوں کے درد اور گھٹیا سے ہے۔محققین نے جو تحقیق کی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس انگلی کا تلی، صفرا، معدے اور جگر کے اعمال سے گہرا تعلق ہے۔

انگشتِ مشتری کی نچلی پور کی موٹائی سے مندرجہ بالا امراض کے بارے میں واضح طور پر نشاندہی ہوتی ہے جبکہ الکحل اور بدپرہیزی نیز بدخواری کی ان امراض کی خاص وجوہات قرار دی گئی ہیں۔یہ دونوں ہی مشتری کے افراد کی خصوصیات ہیں۔

مشتری کی انگلی کا تعلق کسی فرد کے مذہبی رجحان یا افتاد سے بھی ہے نیز اس انگلی سے مذہب کے نقطہ نگاہ کا بھی اظہار ہوتا ہے کہ وہ کس ذہن کا آدمی ہے۔مُلحد ہے یا اللہ کو مانتا ہے۔یہ بات ظاہر کرنے میں زندگی کے اسرار گہرا کام کرتے ہیں۔

ہموار قسم کی انگلی (وجدانی ہاتھ) سے صوفیانہ مذہب، گرہ دار انگلی سے فلسفیانہ مذہب جو کہ ذہانت آمیز تجزیے پر منحصر ہے، سامنے آئے گا۔

27

موسمی اور قدرتی مشروبات

ام احمد

موسم گرما کی پہلی طلب، فرحت بخش مشروبات ہیں، تاکہ گرمی کی شدت کے احساس کو کم کیا جاسکے۔ان مشروبات کا استعمال نہ صرف گرمی میں طمانیت کا احساس دلائے گا بلکہ توانائی بحال کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔یہ حفظان صحت کے اُصولوں کے مطابق گھر پر تیار کیے جاسکتے ہیں۔مقوی مشروبات وزن میں کمی اور قوت مدافعت میں اضافے کا سبب بنیں گے۔

دودھ کی لسی

دودھ کی لسی گرمی کے لیے اعلیٰ ترین مشروب ہے۔آپ ﷺ بھی خالص دودھ نوش فرماتے اور کبھی سرد پانی ملا کر۔معروف طبی ماہر ڈاکٹر ولیم کیور کے مطابق اگر ہم دودھ کے فوائد بڑھانا چاہتے ہیں تو اس میں پانی ملا کر استعمال کریں۔پانی ملانے کے درجات ایکس ون(X-1) دودھ ایک لیٹر اور پانی ایک لیٹر، ایکس ٹو(X-2) دودھ ایک لیٹر پانی ڈیڑھ لیٹر اور ایکس تھری(X-3) دودھ ایک لیٹر، پانی چار لیٹر ہوسکتے ہیں۔

ایکس تھری سب سے زیادہ طاقتور اور فوائد سے لبریز ہے، اس کے پینے سے معدے کی تیزابیت دور ہوتی ہے، السر کے مریضوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔لسی میں ایسی خاصیت موجود ہے کہ پیٹ میں جاتے ہی امراض پیدا کرنے والے جراثیم سے جنگ کر کے انہیں مغلوب کر لیتی ہے۔ لسی میں لیکٹک ایسڈ (Lactic Acid) کی موجودگی کے باعث پیٹ میں گیس پیدا کرنے والے جراثیم پر بہت اچھا اثر ہوتا ہے۔لسی سے رطوبت ہاضم زیادہ پیدا ہوتی اور غذا بروقت ہضم ہوتی ہے۔انتڑیوں میں خون کا دوران تیز ہونے لگتے ہے اور وہ تمام مضر مادے صاف ہو جاتے ہیں جو امراض کا سبب بن سکتے ہیں۔نیز اس کے استعمال سے بڑھاپا جلد نہیں آتا۔

شہد کا شربت

شہد ایک عمدہ غذا، بہترین دوا اور طبیعت میں لطافت پیدا کرنے والا مشروب ہے۔شہد وہ منفرد مرکب ہے جس میں ہر قسم کے وٹامن موجود ہوتے ہیں۔یہ مقوی اور مفرح مشروب پیاس کو تسکین دیتا ہے۔کھوئی ہوئی توانائی فوراً بحال کرتا ہے، صبح نہار منہ اس کا شربت پینا جسم کو جملہ امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح نہار منہ پانی میں شہد گھول کر اس کا پیالہ پیا کرتے تھے“۔(ابن القیم، ذھبی)۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی اور وہ اسے پانی میں گھول کر پیتے تھے اور ہمیشہ خالی پیٹ یا نہار منہ استعمال فرمایا۔اس میں حکمت یہ بھی کہ یہ فوراً جذب ہو کر معدے سے غلاظت نکالتا اور جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔نہار منہ شہد کا شربت پینا جسم کے اکثر و بیشتر مسائل کا بہترین حل ہے۔

> دودھ کی لسّی سے رطوبت ہاضم زیادہ پیدا ہوتی اور غذا بروقت ہضم ہوتی ہے، انتڑیوں میں خون کا دوران تیز ہونے لگتے ہے اور وہ تمام مضر مادے صاف اور بڑھاپا دور ہو جاتا ہے۔

سرکے اور لیموں کا شربت

اپنے اثرات کے لحاظ سے سرکہ فرحت بخش، جراثیم کش اور دافع تعفن ہے۔ٹھنڈک اور حرارت کا شریں امتزاج ہے۔طبیعت کو فرحت دیتا اور پیاس بجھاتا ہے۔موسم گرما میں سرکہ پینے سے جسم کی حدت کم ہوتی ہے۔خوراک ہضم کرنے میں مددگار ہے۔شہد کے شربت میں سرکہ ڈال کر پینا ہیضے میں تریاق کی حیثیت رکھتا ہے۔یہ نسخہ سن سٹروک سے بچاؤ کے لیے بے حد مفید ہے۔شہد دو بڑے چمچ، سرکہ چائے کا ایک چمچ دن میں کئی بار پئیں۔سرکے کا استعمال تمام جلدی امراض خاص طور پر پھپھوندی کے خلاف موثر ہتھیار ہے۔شہد کے شربت کے ساتھ استعمال کریں تو فوائد زیادہ ہو جاتے ہیں۔سرکہ فروٹ ہمیشہ خالص استعمال کریں، مصنوعی سرکہ استعمال نہ

28

کیا جائے۔ لیموں بھی تازگی بخش توانائی اور صحت دینے والا پھل ہے۔ یہ جراثیم کش ہے۔ قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔ اس میں حیاتین ج دوسرے پھلوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ معدنی نمکیات، نشاستے دار اجزاء، فاسفورس اور فولاد بھی ہوتا ہے۔ جگر کو چست و توانا رکھتا ہے، بھوک نہیں لگتی ہو، طبیعت میں گراوٹ اور سستی ہو تو نہار منہ شہد کے شربت میں آدھا لیموں نچوڑ کر پی لیں۔ چند ہی دنوں میں شکایات دور ہو جائیں گی۔ موٹاپے کو کم کرنے اور اختلاج قلب میں بھی بہت مفید ہے۔ یہ شربت اگر نہار منہ پی لیا جائے تو گرمی کی شدت میں طمانیت کا احساس ہوتا ہے۔

جو کا شربت

جو اور جو کا پانی طب اسلامی میں مریضوں کے لیے بہترین غذا اور دوا تصور کی جاتی ہے۔ گرمی کی حدت کم کرنے میں یہ مشروب بے نظیر ہے۔ فوری اثر کرکے طبیعت کو ہشاش بشاش کر دیتا ہے۔ جو کے پانی میں شہد ڈال کر پینا درج ذیل امراض کے لیے مجرب اور لاجواب ہے۔ ہائی بلڈ پریشر سمیت دل کے امراض کا کافی وشافی علاج ہے۔ خون میں چربی کی زیادتی اور گاڑھا پن جو کے استعمال سے ختم ہوتا ہے۔ امریکہ کے ماہرین غذائیات کا کہنا ہے کہ خون میں شکر اور چربی کی مقدار کو متوازن اور منظم رکھتا ہے۔ پیٹ کے جملہ امراض میں انتہائی مفید ہے، خاص طور پر معدے کی تیزابیت اور بھوک کی کمی کے لیے مجرب ہے۔ دائمی قبض کا خاتمہ کرتا ہے۔ گردوں کی ہمہ اقسام کی سوزشوں میں یہ شربت کسی بھی دوا سے زیادہ مفید اور موثر پایا گیا ہے۔ اس کے استعمال سے پُرسکون گہری نیند آتی ہے۔ بچوں کے بہترین ٹانک اور حاملہ عورتوں کے لیے مقوی غذا ہے۔ ڈبے کا دودھ پینے والے بچوں کو اگر دودھ میں جو کا پانی ملا کر دیا جائے تو ان کی آنتیں زیادہ تنومند رہتی ہیں اور پیٹ بھی خراب نہیں ہوتا۔ دماغی کام کرنے والے کے لیے پیامِ اُمید اور راحت ہے۔ اطباء کے مطابق یہ پانی تقریباً سو بیماریوں میں مفید ہے۔ اسے شہد ملائے بغیر استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر شہد کا اضافہ کر لیا جائے تو فوائد سہ گنا ہو جاتے ہیں۔ جب ماہرین برطانیہ نے ریشے دار غذاؤں کے استعمال کا مشورہ دینا شروع کیا تو اینڈرسن نے مختلف غذاؤں کے تجربات اپنے مریضوں پر شروع کر دیے۔ آخر کار وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ ''جو'' ان تمام غذاؤں میں بہتر ہے۔ مغربی ممالک میں لوگ Barley Water بہت شوق سے بناتے ہیں، کیونکہ وہ اپنے تجربات کی بنا پر اس مفید غذا کی افادیت سے آگاہ ہو چکے ہیں۔ جو یا جو کا دلیہ بنانے کے لیے 15 سے 20 فی صد کپ پانی ہلکی آنچ پر تین چار گھنٹے پکائیں، دودھیا رنگ کا ایک کپ پانی تیار ہو جائے تو ثابت جو کی بجائے دلیہ استعمال کریں۔

ستو کا شربت

جو، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مرغوب غذا تھی اور آپ کو جو سے بنے ہوئے ستو بھی بہت پسند تھے۔ دن بھر کے روزے کی کمزوری رفع کرنے کے لیے افطاری میں آپ ﷺ اکثر ستو پسند فرماتے۔ جنگ کے دوران مجاہد کا راشن کھجور اور ستو پر مشتمل رہا ہے۔ اس غذا سے ان کو اتنی تقویت حاصل ہوتی کہ وہ سفر کی صعوبتیں برداشت کرنے کے علاوہ دشمن سے مقابلے میں جسمانی طور پر بھی برتر ثابت ہوتے۔ شہد کے شربت میں دو چمچ ستو ملا کر پینے سے کھوئی ہوئی توانائی فوراً بحال ہو جاتی ہے۔ ستو کے شربت سے وہ تمام فوائد حاصل ہوتے ہیں، جو کہ جو کے پانی میں پائے جاتے ہیں۔ اگر ستو دستیاب نہ ہو تو جو کے آٹے کو ہلکی آنچ پر بھون کر ستو تیار کیے جا سکتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں یہ مشروب راحت جان ہے۔ مغرب ممالک میں ہرے جو سکھا کر پاؤڈر تیار کر لیا جاتا ہے جسے Green Barley کا نام دیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جو دنیا کی واحد غذا ہے جس میں غذائیت سب سے زیادہ ہے۔

ان تمام مشروبات کو ضرور ٹرائی کریں۔ گرمی، کس نرمی سے گزر جائے گی، آپ کو پتا بھی نہیں چلے گا۔

> جو اور جو کا پانی گرمی کی حدت کم، طبیعت کو ہشاش بشاش، ہائی بلڈ پریشر سمت دل کے امراض، خون میں چربی کی زیادتی اور گاڑھا پنا ختم کرتا ہے۔ پیٹ کے جملہ امراض، معدے کی تیزابیت اور بھوک کی کمی کے لیے مجرب ہے۔ گردوں کی ہمہ اقسام کی سوزشوں، دائمی قبض کا خاتمہ کرتا ہے۔ پُرسکون گہری نیند کے لیے مفید ہے۔ حاملہ عورتوں کے لیے مقوی غذا ہے۔ ڈبے کا دودھ پینے والے بچوں کو اگر دودھ میں جو کا پانی ملا کر دیا جائے تو ان کی آنتیں زیادہ تنومند رہتی ہیں اور پیٹ بھی خراب نہیں ہوتا۔ دماغی کام کرنے والے کے لیے پیام اُمید اور راحت ہے۔

چال نقش مربع بطریق اہل فلاسفہ

بمطابق فضل محمود نقاش۔

ایک ایسے عامل کے عمل کا جواب جس نے قران مریخ وزحل جولائی واگست 2010 کے لیے پیش کیا ہے۔تبصرہ فرمایئے۔

محترم ومکرم قارئین کرام! ایک جگہ نقش مربع کی اربعہ عناصری چال معروف قاعدہ قانون اور ماہرینِ عملیات وتعویذات کے معمولات کے خلاف دیکھ کر پریشانی ہوئی۔سوچا جس پر میں پریشان ہوں، کیا اس پر کوئی اور تو پریشان نہ ہو گا؟ میں اپنی پریشانی قارئین کرام کے آگے رکھ رہا ہوں۔میری پریشانی کا حل نکالیں یا راہنمائی کریں۔پریشان کرنے والے کے نقوش کچھ اس طرح کے تھے، اور ظالم ہیں کہ ہوش وحواس باختہ ہو گیا ہوں اور جب چال دیکھتا ہوں تو عقل دنگ رہ جاتی ہے کہ ظالم کس طرح چال چلتا ہے۔

١-آتش			

	٢-خاک		

نقوش کے عناصر اس طرح مقصود ہیں۔باقی نقوش کی چال مفقود ہے۔جو باعث پریشانی ہے، کیونکہ ان خالی نقوش میں چال کے خانے اسی طرح ہیں، اور ان ہی عناصر سے منسوب ہیں۔جس طرح درج کیا گیا ہے۔یہی خانے اول عنصری ہیں۔

		٣-باد	

			٤-آب

قائین عظام۔ہم نے معتبر بزرگوں کی کتب عملیات اور ماہرین عملیات سے مربع کے اربعہ عناصری نقوش بمطابق ذیل دیکھے ہیں۔ہم بھی اسی ذیل کے نقوش کے مطابق عمل کرتے ہیں، بلکہ زیادہ تر آتشی چال سے لکھتے ہیں۔کیونکہ بزرگوں کا فرمان ہے کہ یہ تمام اُمور میں کام آتا ہے۔باقی عناصر کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

١-آتش	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

٨	١١	٣	١-خاک
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

١٤	١-باد	٨	١١
٧	١٢	١٣	٢
٩	٦	٣	١٦
٤	١٥	١٠	٥

١١	٨	١-آب	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

درج بالا نقوش کا صرف چہرہ (پہلی سطر) دیکھا گیا ہے۔جس کا پہلا خانہ سطر اول کا آتشی شمار ہوتا ہے۔پہلی سطر کا دوسرا خانہ بادی، تیسرا خانہ آبی اور اسی سطر کا چوتھا خانہ خاکی شمار کیا جاتا ہے۔چنانچہ درج بالا نقوش کو آتشی، خاکی، بادی اور آبی عنصری ترتیب کے مطابق دیکھنا ہو تو پہلا نقش آتشی ہے۔دوسرا آبی ہے۔تیسرا خاکی ہے اور چوتھا بادی ہے۔یہی چال بنے گی۔لیکن آپ نے ایسا نہیں سمجھنا۔کیونکہ یہ بطریق معروف بمطابق قواعد وکلیات عملیات اور ماہرین عملیات و تعویذات کے درج ہیں۔

ان نقوش کے ذریعے معلوم ہوا کہ نقش مربع معروف کے خانون کی ترتیب بمطابق سطر اول آتشی، بادی، آبی اور خاکی کی بجائے آتشی خاکی، بادی اور آبی کس طرح وجود میں آئی ہے۔اُستا عالم کا نقش دلربا دیکھئے (١)، اور اُفتاد ظالم کا نقش ہوش ربا بھی دیکھئے (٢)۔

(١)

١ آتش	١٤ باد	١١ آب	٨ خاک
١٢ خاک	٧ آب	٢ باد	١٣ آتش
٦ باد	٩ آتش	١٦ خاک	٣ آب
١٥ آب	٤ خاک	٥ آتش	١٠ باد

(٢)

١ آتش	١٢ خاک	٦ باد	١٠ آب
١٤ باد	٧ آب	٩ آتش	٤ خاک
١١ آب	٢ باد	١٦ خاک	٥ آتش
٨ خاک	١٣ آتش	٣ آب	١٠ باد

محترم قارئین کرام! نقش مربع کی پہلی سطر پیشانی ہے۔دوسری سطر سینہ ہے۔تیسری سطر پیٹ ہے اور چوتھی سطر پاؤں ہے۔چنانچہ پہلی سطر کا خانہ اول آتشی اور خانہ چہارم خاکی ہے تو آخری سطر کا خانہ اول آبی اور خانہ چہارم بادی ہے اور کچھ عاملین حضرات اس طرح اربعہ عناصری نقوش پر کرتے ہیں اور عملیات تیار کرتے ہیں۔

١ آتش	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	-٤	.٥	١٠

٨	١١	١٤	خاک ١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

31

١٥	٤	٥	١٠
٦	٩	١٦	٣
١٢	٧	٢	١٣
١ آب	١٤	١١	٨

١٠	٥	٤	١٥
٣	١٦	٩	٦
١٣	٢	٧	١٢
٨	١١	١٤	١ باد

درج بالا چاروں نقوش پر یہ اعتراض ہے کہ اس طرح تو دو عناصر آتش اور خاک پہلی سطر سے ظاہر ہو گئے اور دو عناصر آب اور باد چوتھی سطر سے ظاہر ہو گئے۔ درمیان کی دو سطور تو مستور ہو گئیں۔ اس طرح مربع نقش کے چاروں حصے تو استعمال میں نہ آئے۔ گویا کہ یہ طریقہ نقوش ادھوار یا ناقص ہے۔ کیونکہ ان نقوش کے صرف اوپر والا حصہ یا نچلا حصہ استعمال میں آیا۔ درمیان کا حصہ استعمال میں نہ آیا۔ جس کی وجہ سے تمام نقش یا تمام نقش کے اربعہ عناصر استعمال میں نہ آئے۔ چنانچہ چاروں عناصر کے لیے اور تمام نقش کو استعمال کرنے کے لیے عاملین کاملین عملیات وتعویذات کے لیے ذیل کے نقوش استعمال کرتے ہیں۔ ان چاروں نقوش کو آتشی نقش اول کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ نقش اول آتشی نقش کے نام سے معروف ہے۔

١ آتش	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

٢	١٣	١٢	٧
١١	٨	١ باد	١٤
٥	١٠	١٥	٤
١٦	٣	٦	٩

٤	١٥	١٠	٥
٩	٦	٣	١٦
٧	١٢	١٣	٢
١٤	١ خاک	٨	١١

٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥
٨	١١	١٤	١ آب
١٣	٢	٧	١٢

مکرم قارئین کرام! نقش مربع کے ١٦ خانے ہوتے ہیں۔ اس کا ایک بیرونی دور ہے جس میں ١٢ خانے بمطابق بروج ہیں۔ دوسرا دور اندرونہ ہے۔ جس میں ٤ خانے ہیں جو زمین ہے۔ اس نقش کے بیرونہ کو دیکھیں تو پہلے سطر اوپر والے حصہ میں عناصر کی ترتیب آتش، باد، آب اور خاک ہے۔ بائیں طرف خانہ ہشتم سے خاک، آتش، آب اور باد ہے۔ نچلی سطر باد، آتش، خاک اور آب ہے۔ یا آب، خاک، آتش اور باد ہے۔ دائیں طرف آب، باد، خاک اور آتش پر ایک دائرہ مکمل ہو جاتا ہے۔ جسے استادان فن بمطابق خانہ جات زائچہ اور بمطابق داخلہ سیارگان در بروج یا نظرات سیارگان در دائرۃ البروج میں استعمال کرتے ہیں اور عملیات تیار کر کے حوالے سائل کرتے ہیں۔

١ آتش	١٤ باد	١١ آب	٨ خاک
١٢ خاک	٧ آب	٢ باد	١٣ آتش
٦ باد	٩ آتش	١٦ خاک	٣ آب
١٥ آب	٤ خاک	٥ آتش	١٠ باد

اگر اس نقش مربع کے چاروں کونوں سے اربعہ عناصر پورے ہو جاتے ہیں تو اس طرح چاروں طرف سے درمیان دو، دو خانے بچ جاتے ہیں۔ نقش مربع بالا کے مطابق پہلی سطر سے درمیانی خانے (باد، آب) ہیں۔ بائیں طرف سے درمیانی خانے (آتش، آب) ہیں۔ نچلی سطر کے درمیانی خانے (آتش، خاک) ہیں۔ دائیں طرف کے درمیانی خانے (باد، خاک) ہیں۔ اوپر والی سطر اور نچلی سطر کے درمیانی خانے (باد و آب) یا (آتش و خاک) باہم مصادق/ دوست و دشمن ساوی ہیں۔ جبکہ دائیں اور بائیں طرف کے درمیانی خانے (باد و خاک) یا (آتش و آب) باہم دشمن ہیں اور عداوت رکھتے ہیں۔ ان کے درمیان عمل محبت والفت کے لیے نقش مربع میں خانوں کی ترتیب اس انداز سے ہوگی کہ بارہ بروج کا چکر ماہیت پورا ہو جائے گا۔ اس نقش مربع کے بیرونی دائرہ کو بالترتیب بروج سے منسوب نہیں کیا جا سکتا، البتہ تعداد برابر بروج کے ہے۔

دیکھیے تین نقوش بیرونہ سے بنتے ہیں۔ ایک نقش آخری اندرونہ سے بنتا ہے۔ ذیل پر غور فرمائیے۔

١ آتش			٨ خاک
١٥ آب			١٠ باد

	١٤ باد	١٩ آب	
	٤ خاک	٥ آتش	

١٢ خاک			١٣ آتش
٦ باد			٣ آب

	٧ آب	٢ باد	
	٩ آتش	١٦ خاک	

اس کے علاوہ دو ایسی اربعہ عناصری چالیں ہیں۔ جو عداوۃ اور بغض کے لیے زیادہ موثر سمجھی جاتی ہیں۔

١ آتش			
	٧ آب		
		١٦ خاک	
			١٠ باد

			٨ خاک
		٢ باد	
	٩ آتش		
١٥ آب			

محترم ومکرم قارئین کرام! کچھ اُستاد عامل حضرات عملیات وتعویذات تیار کرتے وقت نقش مربع کے چاروں خانوں کو صرف ایک ہی عنصر کے مطابق استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھیے۔

		۱۴باد	
	۲ باد		
			۶باد
۱۰باد			

			۱آتش
۱۳آتش			
		۹آتش	
	۵آتش		

۸خاک			
			۱۲خاک
	۱۶خاک		
		۴خاک	

	۱۱آب		
		۷آب	
۳آب			
			۱۵آب

درج بالا نقوش سے استادانِ فن عملیات ہر عنصر سے بلحاظ خانہ خیر و شر یا محبت وعداوت کا عمل تیار کرتے ہیں۔ بعض اساتذہ کرام ہر عنصر کے دو خانے خیر کے اور خانے شر کے مقرر کرتے ہیں۔ بعض کے نزدیک تین خانے خیر کے ہیں اور ایک خانہ شر کا ہے۔ لیکن میرا مسلک یہ ہے کہ آتش کے تین خانے خیر کے اور اور خاک کے تین خانے شر کے ہیں۔ جبکہ باد اور آب دو خانے خیر کے اور دو خانے شر کے رکھتے ہیں۔ لیکن یہ ترتیب تو صرف مشہور طریقہ کار کا ہے۔ جیسے عملیات و تعویذات کا ہر عالم جانتا ہے۔ لیکن جو طریقہ کار مشہور عالم کا ہے۔ اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ اس کا کیا حل ہے؟ ہمارے پاس جو حل نظر آتا ہے وہ ذرا کچھ یوں ہے۔ آپ اس حل پر غور فرمائیں۔ اس کے خیر و شر و تبصرہ فرمایئے۔

محترم ومکرم شائقین عملیات وتعویذات! اُستادانِ فن و اساتذہ تعویذات نے اہل فلاسفہ کا طریقہ پسند کیا ہے۔ جس میں پہلے سطر اس میں ترتیب عناصر آتش باد، آب وخاک ہے۔ جس میں آتش و باد باہم دوست ہیں اور آب وخاک باہم دوست ہیں۔ جبکہ آتش وآب باہم دشمن ہیں اور باد وخاک باہم دشمن ہیں۔ لیکن آتش وخاک باہم مساوی ہیں اور باد وآب باہم مساوی ہیں۔ یہ نہ تو دوست ہیں اور نہ ہی دشمن ہیں۔ ہاں اگر ان کا پیچ پیدا ہو جائے تو یہ آپس میں دوست بھی ثابت ہو سکتے ہیں اور دشمن بھی بن جاتے ہیں۔

دیکھیے ہمارے مشہور عالم کا نقش۔ جس کو آپ بھی عملیات وتعویذات میں استعمال کرتے ہیں۔ اور اگر آپ اس کے چار برابر حصے کریں تو آپ کو اہل فلاسفہ

دوسرا حصہ	
۸ خاک	۱۱ آب
۱۳ آتش	۲ باد

پہلا حصہ	
۱۴ باد	۱ آتش
۷ آب	۱۲ خاک

چوتھا حصہ		تیسرا حصہ	
۳ آب	۱۶ خاک	۹ آتش	۶ باد
۱۰ باد	۵ آتش	۴ خاک	۱۵ آب

کی ساری فلاسفی سمجھ میں آ جائے گی۔ یہ چاروں حصے ایک دوسرے کے عکس و معکوس ہیں۔ علماء فلاسفہ نے ایسی ترتیب وترکیب سے عناصر کو رکھا ہے کہ جملہ نقش متوازن ہو گیا ہے۔ اب اس متوازن نقش سے چہار عناصر اس طرح چھپے کہ نقش کے تمام خانے زیر اثر آ جائیں، اور یہ ذیل کے نقوش ایسے فاعل ہیں کہ حب و بغض یا خیر و شر میں مجرا مجر بات ہیں۔ نقوش کی ان چالوں میں خیر کو شر میں شر کو خیر میں بدلنے کے راز پوشیدہ ہیں۔ نیز ایک عمل کو دو آتشہ یا سہ آتشہ بنادنے کا راز صرف اہل علم اور اہل عقل کے سامنے بیان کر دیا گیا ہے۔

		۱۴باد	
			۱۲خاک
۳آب			
	۵آتش		

	۱۱آب		
۱۳آتش			
			۶باد
		۴خاک	

			۱آتش
			۱۲خاک
۳آب			
۱۰باد			

۸خاک			
۱۳آتش			
			۶باد
			۱۵آب

ذیل کے نقوش اگرچہ دو، دو عناصر پر مشتمل ہیں مگر حب و بغض میں تیر بہدف چال رکھتے ہیں۔

		۱۴باد	
	۲باد		
		۹آتش	
	۵آتش		

	۱۱آب		
		۷آب	
	۱۶خاک		
		۴خاک	

۸خاک	۱۱آب		
		۴خاک	۱۵آب

		۱۴باد	۱آتش
۱۰باد	۵آتش		

☆☆☆☆☆